Registered Under RNI-DELURD/2003/9333



۵۰ سال پہلے

امریکہ کے چیف جسٹس ارل وارن (بائیں) نے یکم ستمبر ۱۹۵۶ کو نئی دہلی میں امریکہ کے نئے سفارت خانے کی عمارت کا سنگِ بنیاد رکھا تھا۔ اس وقت انہوں نے یہ امید ظاہر کی تھی کہ یہ سفارت خانہ "امن کا مندر" ہوگا۔ اوپر کی تصویر ۲۲ مارچ ۲۰۰۶ کو شام ۶ بجے سے ذرا دیر پہلے "جب روشنی ذرا نرم پڑ گئی تھی" امریکی سفارت خانے کے انفارمیشن مینجمنٹ سسٹمس آفس کے پون جیڈ کا نے لی تھی۔ سفارت خانے کا ڈیزائن آرکیٹکٹ ایڈورڈ ڈورل اسٹون نے تیار کیا تھا۔ انہوں نے ہی امریکی سفیر کی رہائش گاہ روز ویلٹ ہاؤس اور البانی میں اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیویارک میں یونیورسٹی کے اپ ٹاؤن کیمپس کا ڈیزائن بھی تیار کیا تھا۔ ان کے بنائے ہوئے ڈیزائنوں کی ایک نمائش نومبر میں ہونے والی ہے۔